## حق پرست عوام اور ہمدرد مخیرّ حضرات ایم کیو ایم الیکشن فنڈ میں بھرپور تعاون کریں، الطاف حسین

## آئندہ انتخابات میں ایم کیو ایم ملک بھر سے حق پرست امیدواروں کو کھڑے کرے گی جس کیلئے ایم کیو ایم کو حق پرست عوام بالخصوص ہمدرد مخیرّ حضرات کے مالی تعاون کی اشد ضرورت ہے

## مخیرّ حضرات اپنے فنڈز اکاؤنٹ نمبر 5-1745-200-01 الائیڈ بنک لمیٹیڈ دستگیر برانچ میں جمع کرائیں

لندن۔۔۔22، اکتوبر 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے حق پرست عوام ایم کیو ایم کے ہمدرد بالخصوص مخیرّ حضرات سے اپیل کی ہے کہ آئندہ انتخابات کیلئے ایم کیو ایم الیکشن فنڈ میں بھرپور تعاون کریں۔ ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ ایم کیو ایم غریب تنظیم ہے جس کے کارکنان سے لیکر اعلیٰ قیادت تک کا تعلق غریب ومتوسط طبقہ سے ہے اور اس کی پشت پر کوئی جاگیردار، وڈیرہ یا سرمایہ دار نہیں ہے اور ایم کیو ایم کے تمام تنظیمی اور فلاحی امور عوامی عطیات سے پورے کیے جاتے ہیں۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ ایم کیو ایم کا پیغام ملک بھر میں پھیل چکا ہے، کراچی سے کشمور تک، پنجاب، سرحد، بلوچستان اور آزاد کشمیر میں ایم کیو ایم کے دفاتر قائم کئے جاچکے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے متفقہ فیصلے کے مطابق آئندہ انتخابات میں ایم کیو ایم ملک بھر سے حق پرست امیدواروں کو کھڑے کرے گی اور اس سلسلے میں ایم کیو ایم کو حق پرست عوام بالخصوص ہمدرد مخیرّ حضرات کے مالی تعاون کی اشد ضرورت ہے۔ جناب الطاف حسین نے حق پرست عوام اور ہمدرد مخیرّ حضرات سے اپیل کی کہ وہ آئندہ انتخابات کیلئے ایم کیو ایم الیکشن فنڈ میں بھرپور تعاون کریں اور اپنے فنڈز ایم کیو ایم الیکشن فنڈ کے اکاؤنٹ نمبر 5-1745-200-01 الائیڈ بنک لمیٹیڈ دستگیر برانچ 0136 میں جمع کرائیں۔

## حق پرست عوام، چچا وحید کی صحت یابی کیلئے دعا کریں، الطاف حسین

لندن۔۔۔22/اکتوبر 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیو ایم کی متحدہ علماء کمیٹی کے رکن چچا وحید کی علالت پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اور ان کی جلد ومکمل صحت یابی کیلئے دعا کی ہے۔ ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے حق پرست ماؤں، بہنوں، بزرگوں اور کارکنوں سے اپیل کی وہ چچا وحید کی جلد ومکمل صحت یابی کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضور دعا کریں۔

## رابطہ کمیٹی نے تنظیمی نظم وضبط کی خلاف ورزی پر ملیر سیکٹر کے کارکن کامران حیدر کو تنظیم سے خارج کردیا، ملیر کے رہائشی ظہیر، جمیل اور نسیم نامی افراد اظہار لاتعلقی، لیاقت آباد سیکٹر کے کارکن شاہد حسین اور قصبہ علیگڑھ سیکٹر کے کارکن محمد اکرم غیر معینہ مدت کیلئے معطل

کراچی۔۔۔22/اکتوبر 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے تنظیمی نظم وضبط کی خلاف ورزی اور غیر تنظیمی سرگرمیوں میں ملوث ہونے کی بناء پر ایم کیو ایم ملیر سیکٹر یونٹ 95 جعفر طیار سوسائٹی کے کارکن کامران حیدر ولد اقبال حیدر کو فوری طور پر تنظیم کی بنیادی رکنیت سے خارج کردیا ہے۔ رابطہ کمیٹی نے ملیر سیکٹر یونٹ 98 کے رہائشی ظہیر ولد محمد وقار احمد، جمیل ولد محمد وقار احمد اور نسیم ولد محمد وقار احمد نامی افراد سے لاتعلقی کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ مذکورہ افراد جرائم پیشہ ہیں اور علاقے میں ایم کیو ایم کا نام استعمال کرکے ایم کیو ایم کو بدنام کررہے ہیں جبکہ ان افراد کا متحدہ قومی موومنٹ سے کوئی تعلق نہیں ہے۔ دریں اثناء رابطہ کمیٹی نے تنظیمی نظم وضبط کی خلاف ورزی پر ایم کیو ایم لیاقت آباد سیکٹر یونٹ 160 کے کارکن شاہد حسین ولد زاہد حسین اور ایم کیو ایم قصبہ علیگڑھ سیکٹر یونٹ 125 کے کارکن محمد اکرم ولد عبدالمجید کو غیر معینہ مدت کیلئے معطل کردیا ہے۔ رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم کے تمام ذمہ داران وکارکنان کو ہدایت کی ہے وہ مذکورہ بالا افراد سے کسی بھی قسم کا رابطہ نہ رکھیں۔ رابطہ کمیٹی نے حق پرست عوام سے اپیل کی ہے کہ وہ ایم کیو ایم کا نام استعمال کرنے والے جرائم پیشہ عناصر پر نظر رکھیں اور ایسے عناصر کے بارے میں فوری طور پر ایم کیو ایم کے مرکز نائن زیرو عزیز آباد میں موجود رابطہ کمیٹی کے ارکان کو مطلع کریں۔

## ایم کیوایم پروگریسیو اور مڈل کلاس جماعت ہے، بے نظیر بھٹو

## 18، اکتوبر کے افسوسناک سانحہ پر تعزیت کیلئے آئے ہیں جس پر ہر آنکھ اشکبار ہے، رابطہ کمیٹی

## ایم کیوایم کے پانچ رکنی وفد کی پاکستان پیپلز پارٹی کی چیئر پرسن محترمہ بینظیر بھٹو سے ملاقات

کراچی۔۔۔22، اکتوبر 2007ء (اسٹاف رپورٹر)

متحدہ قومی موومنٹ کے ایک وفد نے اتوار کے روز بلاول ہاؤس میں پاکستان پیپلز پارٹی کی چیئر پرسن محترمہ بے نظیر بھٹو سے ملاقات کی اور قائد تحریک جناب الطاف حسین اور ایم کیوایم کی جانب سے سانحہ 18، اکتوبر میں پیپلز پارٹی کے کارکنان سمیت سینکڑوں افراد کے ہلاک وزخمی ہونے پر دلی افسوس اور تعزیت کا اظہار کیا۔ وفد میں رابطہ کمیٹی پاکستان کے انچارج انور عالم، جوائنٹ انچارج عبدالحسیب، رابطہ کمیٹی کے اراکین شعیب احمد بخاری، اشفاق منگی اور سینئر صوبائی وزیر سندھ سردار احمد شامل تھے۔ اس موقع پر پیپلز پارٹی کے رہنما نثار احمد کھوڑو، قائم علی شاہ، وقار مہدی، نفیس صدیقی، ناہید خان، شیریں رحمان، فہمیدہ مرزا، عبدالستار بچانی، محمد امین لاکھو، این ڈی خان، رفیق انجینئر، جمیل الزماں، آغا درانی، آفتاب شعبان میرانی اور راشد ربانی بھی موجود تھے۔ یہ ملاقات تقریباً آدھے گھنٹے جاری رہی اس دوران ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے جوائنٹ انچارج عبدالحسیب نے سانحہ 18، اکتوبر کے شہداء کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی بھی کرائی۔ ملاقات میں محترمہ بینظیر بھٹو نے ایم کیوایم کے وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ میں الطاف بھائی کی، ایم کیوایم کی لیڈر شپ اور کارکنان کا شکریہ ادا کرنا چاہتی ہوں کہ سانحہ 18، اکتوبر کے بعد الطاف بھائی نے بات کی، آپ ہمارے غم میں شریک ہوئے۔ انہوں نے کہا کہ سندھ کو صوفیائے کرام کی سرزمین کہا جاتا ہے، ایم کیوایم اور ہمارا مقصد جمہوریت کا فروغ ہے اور جمہوریت کے فروغ کیلئے ملک سے انتہاء پسندی کا خاتمہ ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم پروگریسیو اور مڈل کلاس جماعت ہے، آپ لوگوں نے بہت قربانیاں دی ہیں، آپ چاہتے کہ ہندوستان اور افغانستان کے ساتھ تعلقات بہتر ہوں ہم بھی یہی چاہتے ہیں۔ بلوچستان آپریشن پر ایم کیوایم نے آواز بلند کی اور ہم نے بھی کی اور مسائل کے حل کیلئے ضروری ہے کہ صوبوں کو خودمختاری دی جائے۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں غربت اور افلاس ہے ہمیں کوشش کرنی چاہئے کہ عوام کی خدمت کریں۔ انہوں نے ایم کیوایم کے وفد سے کہا کہ وہ انکی جانب سے الطاف بھائی کا شکریہ ادا کریں اور ان کو بتائیں کہ وہ پیپلز پارٹی کے زخمی کارکنان تک ان کا پیغام پہنچائیں گی۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم، گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد اور حق پرست سٹی ناظم کراچی مصطفیٰ کمال نے استقبالی ریلی کے سلسلے میں بہت تعاون کیا، کہیں سے بینرز نہیں ہٹائے گئے اور کوئی رکاوٹ پیدا نہیں کی گئی یہ ایک بہت اچھی اور مثبت روایت ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ میں نے کراچی میں بہت تبدیلیاں دیکھیں ہیں یہاں سے لیکر مزار قائد تک ایسا محسوس ہوتا ہے کہ یہ علاقہ ڈیفنس کا ہو۔ قبل ازیں رابطہ کمیٹی پاکستان کے انچارج انور عالم، جوائنٹ انچارج عبدالحسیب، رکن شعیب بخاری، اشفاق منگی اور سینئر صوبائی وزیر سردار احمد نے محترمہ بینظیر بھٹو سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ ہم قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے 18، اکتوبر کے افسوسناک سانحہ پر تعزیت کیلئے آئے ہیں جس پر ہر آنکھ اشکبار ہے اور دل رنجیدہ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ 18، اکتوبر کو جن لوگوں کی جانیں گئیں۔ اللہ تعالیٰ ان شہداء کو بلند مقام عطا فرمائے، زخمیوں کو صحت عطا کرے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ انہوں نے کہا کہ ہم سب ملکر کراچی، سندھ اور وطن عزیز کو جمہوریت کی خاطر مضبوط بنائیں گے اور ہمیں ایسا راستہ اختیار کرنا چاہئے جس سے دنیا دیکھے کہ ہمارا ملک ایک جمہوری ملک ہے۔ انہوں نے کہا کہ انسانیت رکھنے والا ہر فرد یہ بات سوچنے پر مجبور ہوگیا ہے کہ انتہاء پسندی ملک کو شدید نقصان پہنچا رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بم دھماکوں کے بعد سندھ کے عوام نے امن قائم رکھا ورنہ جس طرح سے خبر آئی اس پر سازشی عناصر فائدہ اٹھا سکتے تھے لیکن سندھ بھر کے عوام نے یکجہتی کا مظاہرہ کیا۔ ملاقات میں سانحہ 18، اکتوبر کی تحقیقات، صوبائی اور سٹی گورنمنٹ کے اختیارات، ملک کی مجموعی سیاسی صورتحال اور دیگر امور پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔

## متحدہ قومی موومنٹ سیاست برائے خدمت پر یقین رکھتی ہے،سردار احمد

## الطاف حسین نے محنت ولگن اور بصیرت سے تمام اکائیوں کو ایک پلیٹ فارم پر متحد و منظّم کر دیا ہے

## مصطفےٰ قریشی، اخلاق حسین عابدی، خوش بخت شجاعت، اختر بلگرامی، سید کمال اور دیگر مقررین کا ڈی سی آر سی کی میٹنگ سے خطاب

کراچی۔۔۔22/ اکتوبر 2007ء

صوبائی وزیر صحت سید سردار احمد نے کہا ہے کہ متحدہ قومی موومنٹ سیاست برائے خدمت پر یقین رکھتی ہے اور عوام کی بے لوث اور بلا امتیاز وتفریق عملی خدمت ہی ایم کیو ایم کا منشور ہے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے ایم کیو ایم کی ڈیفنس کلفٹن ریزیڈنٹ کمیٹی کے زیر اہتمام منعقدہ کارنر میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔اس موقع پر فلم، ٹی وی اور اسٹیج کے نامور اداکار مصطفےٰ قریشی، سید کمال، انور اقبال بلوچ محترمہ سارہ واسطی، رانا امجد، ڈی سی آر سی کے انچارج اختر بلگرامی، اراکین محترمہ خوش بخت شجاعت، اخلاق حسین عابدی، خواجہ سہیل، امبر نینسی، عارف شفیق اور رشید احمد کے علاوہ ڈیفنس کلفٹن تجارتی ، کاروباری اور زندگی دیگر شعبوں سے تعلق رکھنے والی شخصیات بھی موجود تھیں۔ تقریب خطاب کرتے ہوئے سید سردار احمد نے کہا کہ ایم کیو ایم واحد جماعت ہے جس نے پاکستان میں بسنے والی تمام اکائیوں کو ایک پلیٹ فارم پر متحد و منظّم کیا اور ان کے حقوق کیلئے آواز بلند کی۔انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین نے حق پرست منتخب نمائندوں کو ہمیشہ انسانیت کی خدمت کا درس دیا ہے اور حق پرست منتخب نمائندے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی ہدایت کی روشنی میں عوام کی عملی خدمت کر رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ ملک 60 سالہ تاریخ میں اتنے بڑی تعداد میں ترقیاتی کام نہیں ہوئے جتنے آج حق پرست قیادت کی جانب سے سندھ بالخصوص کراچی میں کیے جا رہے ہیں۔انہوں نے 18 اکتوبر کو کراچی میں دہشتگردی ہولناک واقعے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیو ایم ہر قسم کی دہشتگردی کیخلاف ہے اور افہام وتفہیم کی سیاست پر یقین رکھتی ہے۔تقریب سے معروف فلمی اداکار مصطفےٰ قریشی، حق پرست رکن قومی اسمبلی اخلاق حسین عابدی، ڈی سی آر سی کے انچارج ورکن سندھ اسمبلی اختر بلگرامی ، اراکین خوش بخت شجاعت، سید کمال اور دیگر بھی مختصراً خطاب کیا۔اپنے خطاب میں انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ عوامی قوت ہے جو غریب ومتوسط طبقے کے عوام کی امنگوں کے عین مطابق کام کر رہی ہے اور ملک سے فرسودہ جاگیردارانہ نظام کے خاتمے کیلئے کوشاں ہے۔انہوں نے کہا کہ ملک کو سب سے زیادہ خطرہ جاگیردارانہ نظام سے ہے اور جناب الطاف حسین فرسودہ جاگیردارانہ نظام کے خاتمے کیلئے عملی جدوجہد کر رہے ہیں۔آخر میں 18، اکتوبر کو کراچی میں پیپلز پارٹی کے استقبالی جلوس پر خودکش حملے میں شہید ہونیوالے افراد کی مغفرت اور زخمیوں کی جلد و مکمل صحت یابی کیلئے دعا بھی کی گئی۔

☆☆☆☆☆